## 11993 ـ رات کو ناخن تراشنے اور پھینکنے سے قبل بسم اللہ پڑھنے کا حکم

### سوال

مجھے بعض لوگوں سے معلوم ہوا ہے کہ رات کے وقت ناخن تراشنے حرام ہیں، اسی طرح یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ پھینکنے سے قبل ہم ان پر تین بار تھو تھو کر کے بسم اللہ پڑھیں، تا کہ انہیں شیطان اٹھا کر استعمال نہ کرے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

یہ کہنا کہ رات کے وقت ناخن تراشنے مکروہ ہیں اس کی کوئی دلیل اور اصل نہیں ملتی، بلکہ رات یا دن کے وقت جب چاہے ناخن کاٹے جا سکتے ہیں، اس میں کوئی حرج والی بات نہیں.

اور اسی طرح انہیں پھینکنے سے قبل تین بار بسم اللہ پڑھنا وگرنہ اسے شیطان استعمال کرینگے، اس کی بھی کوئی اصل اور دلیل نہیں ملتی اور اسی طرح ناخن دفن کرنے کی بھی کوئی دلیل اور اصل نہیں ہے، بلکہ جس حدیث میں اس کا ذکر ملتا ہے وہ بہت ہی زیادہ ضعیف ہے.

چنانچہ انہیں کوڑے دان میں پھینکنا یا پھر انہیں اس خدشہ کے پیش نظر دفن کرنا جائز ہے کہ کہیں یہ ناخن کسی جادوگر کے ہاتھ نہ لگ جائیں اس لیے وہاں پھینکے جائیں جہاں سے جادوگروں کے ہاتھ نہ لگیں.

واللہ اعلم .